# 22389 ـ چاشت کی نماز کا وقت

**سوال**

اشراق اور چاشت کی نماز کا مناسب وقت کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اشراق کی نماز اول وقت میں ادا کرنا ہی چاشت کی نماز ہے، اور یہ دو مختلف نمازیں نہیں، اس کا نام اشراق اس لیے رکھا گیا ہے کہ یہ سورج نکلنے اور بلند ہونے کے بعد ادا کی جاتی ہے.

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

اول وقت میں چاشت کی نماز ادا کرنا اشراق کی نماز کہلاتا ہے.

دیکھیں: مجموع فتاوی الشیخ ابن باز ( 11 / 401 ).

اور چاشت کی نماز کا وقت سورج کےطلوع اور اس کے بلند ہونے سے لیکر ظہر کی نماز سے قبل تك رہتا ہے.

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی نے اس کا اندازہ لگایا ہے کہ:

تقریبا سورج طلوع ہونے کے پندرہ منٹ بعد سے لیکر نماز ظہر سے تقریبا دس منٹ قبل تك ہے.

دیکھیں: الشرح الممتع ( 4 / 122 ).

تو یہ سارا وقت چاشت کی نماز کا ہے.

( اور افضل یہ ہے کہ اس کی ادائیگی سورج کی گرمی ہونے کے بعد ہو کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" اوابین کی نماز اس وقت ہے جب اونٹ کا بچہ ریت گرم ہونے سے اپنے پاؤں اٹھائے"

صحیح مسلم حدیث نمبر ( 748 ).

اور الفصال: اونٹ کے بچے کو کہتے ہیں، اور ترمض کا معنی یہ ہے کہ جب اسے سورج کی گرمی لگے.

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن باز ( 11 / 395 ).

اور علماء کرام نے اس کا اندازہ دن کا چوتھائی حصہ لگایا ہے، یعنی ظہر اور طلوع شمس کے مابین نصف وقت.

دیکھیں: المجموع للنووی ( 4 / 36 ) اور الموسوعة الفقهية ( 27 / 224 )

واللہ اعلم .